**فوری ریلیز کے لیے:** 11/7/2022 **گورنر KATHY HOCHUL**

**گورنر HOCHUL نے سیراٹوگا سپا اسٹیٹ پارک میں بچوں کے عجائب گھر کے عظیم الشان افتتاح کا اعلان کیا**

***16,000 مربع فٹ کا یہ عجائب گھر تمام عمر کے بچوں کے لیے نمائش پر رکھی گئی دلچسپ اشیاء اور انٹرایکٹیو پروگرامنگ پیش کرتا ہے***

***عجائب گھر اس تاریخی مقام کو اس جدید سہولت کے ساتھ نئی زندگی بخشتا ہے جو کہ 'پارک برائے فنون' میں نوعمر خاندانوں کے لیے انتخابات میں اضافہ کرتی ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج سیراٹوگا میں بچوں کے عجائب گھر کے عظیم الشان افتتاح کا اعلان کیا جو کہ اس عجائب گھر کو سیراٹوگا سپا اسٹیٹ پارک میں براڈوے پر تاریخی لنکن باتھ ہاؤس میں منتقل کرنے کے 3.1$ ملین کے تزئین و آرائش کے منصوبے کے بعد عمل میں آیا۔ مکمل طور پر قابل رسائی 16,000 مربع فٹ کی یہ سہولت گاہ لنکن باتھ ہاؤس میں 1990 کی دہائی کے بعد سے اب تک عوام کے لیے براہ راست دستیاب بڑی سطح کی پہلی سرگرمی ہے۔ یہ منصوبہ جس کو دیگر سرکاری گرانٹس اور نجی عطیات کے ساتھ ساتھ 600,000$ کی ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ گرانٹ کی معاونت حاصل ہے، سرکاری و نجی شعبہ جات کی شراکت داریوں کی ایک بڑھتی فہرست میں شامل ہو رہا ہے جو مل کر پارک برائے فنون والی کاوش بنتے ہیں۔

"بچوں کے عجائب گھر کا افتتاح سیراٹوگا سپا اسٹیٹ پارک کے خوبصورت، قدرتی ماحول میں ہمارے بڑھتے شراکت داروں کی فہرست میں ایک اور بڑی دلچسپی کا اضافہ کرتا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** " پارک برائے فنون والی کاوش سیراٹوگا اسپرنگز کو فنون میں عالمی سطح کی تقریبات کے لیے ایک سال بھر دستیاب مقام کے طور پر متعارف کروانا جاری رکھے گی اور یہ منصوبہ اس پورے پارک میں قومی تاریخی مقامات کی تعمیرات کی بحالی اور دوبارہ فعال کیے جانے کے لیے ہماری کوششوں میں ایک بڑا سنگ میل ہے۔

اصل باتھنگ ونگز میں سے تین پر محیط، بچوں کے عجائب گھر میں دوبارہ تعمیر شدہ اور مرمت شدہ نمائشی اشیاء موجود ہیں اور ساتھ میں STEM کی متعدد نئی نمائشی اشیاء رکھی گئی ہیں جہاں آنے والے عملی سرگرمیوں کی مدد سے ان کا تجربہ کر سکتے ہیں اور سیکھ سکتے ہیں۔ سودا سلف کی ایک نمائشی دوکان میں مکمل فعال اسکینر کے ساتھ ایک رجسٹر شامل ہے، جبکہ آگ بجھانے کے مرکز کی انٹر ایکٹو اسکرین مہمانوں کو ایک ورچوئل آگ بجھانے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ بچے نمائشی کھیت سے سبزیوں کی فصل کاٹ سکتے ہیں، عجائب گھر کے خبروں کے مرکز میں خبروں کا ایک سیگمنٹ ریکارڈ کر سکتے ہیں یا آئسکریم کے اسکوپ بنا سکتے ہیں اور سیکھ سکتے ہیں کہ یہ آئسکریم پارلر میں کس طرح بنائی جاتی ہے۔ سب کے لیے رسائی کو ذہن میں رکھتے ہوئے تعمیر شدہ اس میوزم میں ایک سکون بخش کمرہ بھی پیش کیا گیا ہے جو دباؤ ختم کرنے کے لیے سکون بخش لمس والے عوامل کے لیے شور شرابے سے پاک جگہ فراہم کرتا ہے۔

**بچوں کے عجائب گھر کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Sarah Smith نے کہا،** "ہم اس منصوبے کے لیے کی جانے والے تمام سخت محنت کے لیے گورنر، ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ کے ساتھ ساتھ دیگر نجی اور سرکاری معاونین کے بہت مشکور ہیں۔ ہمارے مقصد کا محور ایک ایسی جگہ کی تخلیق ہے جو تجسس کو ابھارے، تخیل کو ہوا دے اور دریافت کی آبیاری کرے۔ اور ہم سمجھتے ہیں کہ یہ نئی جگہ نشو نما کے تمام درجات کے زیادہ بچوں اور ان کے اہل خانہ

تک رسائی کی اپنی صلاحیت سے، اس ہدف کو پانے میں معاون ہے۔ ہم اس موسم گرما میں سیراٹوگا آنے والے کا استقبال کرنے کے لیے بے تاب ہیں۔"

**اسٹیٹ پارکس کمشنر Erik Kulleseid said نے کہا،** "میں سیراٹوگا سپا اسٹیٹ پارک کے تاریخی لنکن باتھ ہاؤس میں بچوں کے عجائب گھر کا خیر مقدم کرنے پر دلی مسرت محسوس کر رہا ہوں۔ بچوں کا عجائب گھر ہمارے 'پارک برائے فنون' کے متعدد شراکت داروں میں ایک نئی سرگرمی لے کر آئے گا جو پرسکون ہونے، باہر کھلی ہوا میں تفریح کرنے یا فنون اور تہذیب کے حوالے سے منفرد پیشکشوں میں کھو جانے کے بہت سے طریقے فراہم کرتا ہے۔"

**ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "سیراٹوگا کے نئے مقام پر بچوں کا عجائب گھر سیراٹوگا سپا اسٹیٹ پارک میں ایک نئی کشش کا اضافہ کر رہا ہے جو رہائشیوں اور مہمانوں دونوں کا ایک جیسا خیر مقدم کرے گی۔ تاریخی لنکن باتھ ہاؤس کے اندر جگہ کے حسب منشاء ڈھلے ہوئے استعمال کے ذریعے یہ عجائب گھر سیکھنے کے لیے توجہ کو اپنی جانب کھینچے رکھنے والے تجسس اور جوش و خروش کے ایک نئے دور میں داخل ہو گا اور ہمیں اس منصوبے میں ہاتھ بٹانے پر فخر ہے۔"

**ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ کے وائس پریزیڈنٹ اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر Ross D. Levi نے کہا،** "سیراٹوگا سپا اسٹیٹ پارک کے تاریخی لنکن باتھ ہاؤس میں نیا بچوں کا عجائب گھر خاندانوں کو نیو یارک اسٹیٹ میں اپنی مصروفیت سے دور وقت گزارنے کے اگلے موقعے پر دارالحکومت کا علاقہ دیکھنے کے لیے ایک اور اچھی وجہ فراہم کرتا ہے۔ توجہ موہ لینے والے عجائب گھروں اور دلچسپ تاریخی مقامات سے لے باہر کھلی ہوا میں مہم جوئی تک، رہائشی اور مہمان دونوں ہی سارا سال آ کر اس کا حصہ بن سکتے ہیں اور جان سکتے ہیں کہ ان کو کیا چیز بھاتی ہے۔"

کمیونٹی کے والدین اور ماہرین تعلیم کے ہاتھوں 1990 میں قائم کیا گیا سیراٹوگا کا بچوں کا عجائب گھر ایک ایسی انٹرایکٹو کمیونٹی تخلیق کرنے کے لیے وقف ہے جو تجسس کو ابھارے، تخیل کو ہوا دے اور دریافت کی آبیاری کرے۔ یہ عجائب گھر بچوں کے سیکھنے کے عمل میں والدین کی سرگرم شرکت میں معاونت کرنے، علاقے کے اسکول ڈسٹرکٹس کے لیے ایک ذریعے کا کردار ادا کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پر عزم ہے کہ اس کے پروگرام اور سرگرمیاں تمام بچوں کے لیے قابل رسائی ہوں۔ چلڈرنز میوزیم نے یہ یقینی بنانے کے لیے چلڈرنز میوزیم آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (جو رینسیلئر ٹیک پارک میں واقع ہے) کے ساتھ باضابطہ شراکت داری کی کہ ان کے مقصد اور پروگرام کا مستقبل محفوظ رہے اور مل کر دارالحکومت کے تمام علاقے میں بچوں کو اختراعی، عملی تعلیم فراہم کرنے کے 100 سالہ تجربے کی نمائندگی کی جائے۔ بچوں کے عجائب گھر کے متعلق مزید جاننے کے لیے [www.cmssny.org](http://www.cmssny.org) ملاحظہ کریں۔

**اسٹیٹ سینیٹر Daphne Jordan نے کہا،** "سیراٹوگا سپا اسٹیٹ پارک میں لنکن باتھ ہاؤس کو بچوں کے نئے عجائب گھر میں تبدیل کرنا نہ صرف ایک تاریخی عمارت کو حیات بخش رہا ہے، بلکہ عجائب گھر کے اندر بہت وسیع جگہ نئے انٹرایکٹو نمائشی اشیاء اور بچوں اور ان کے والدین کو یقینی طور پر شاد کرنے والی مزید عملی سرگرمیوں کے لیے بہت وسیع جگہ فراہم کر رہا ہے۔ یہ منصوبہ مہمانوں اور دارالحکومت کے علاقے کے رہائشیوں کے لیے 'پارک برائے فنون' اور سیراٹوگا اسپرنگز میں آنے کی ایک اور متاثر کن وجہ فراہم کرتا ہے۔"

**اسمبلی ممبر Carrie Woerner نے کہا،** "سیراٹوگا میں بچوں کے عجائب گھر اور دی چلڈرنز میوزیم آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی نے مل کر بچوں کے لیے 100 سال سے زیادہ پرانی دنیا کو دریافت کرنے، سیکھنے، کھیلنے اور اس کا تجربہ کرنے کے لیے ایک جگہ فراہم کی ہے۔ دونوں عجائب گھروں نے سادہ سی شروعات کی اور اس وجہ سے قدرتی طور پر بڑھتے اور پھلتے پھولتے رہے کیونکہ انہوں نے بچوں کی نسلوں کی پرجوش شرکت کے جواب میں لبیک کہا۔ عجائب گھر اور بچوں، والدین اور تمام عمر کے مہمانوں کو مبارکباد جو بورڈ آف ڈائریکٹرز، عجائب گھر کے عملے، کمیونٹی کے عطیہ دہندگان اور رضاکاروں؛ اور ریاستی اداروں کی مستقبل شناس نگاہ سے مستفید ہوں گے جنہوں نے پارک کے اندر عجائب گھر کے اس شاندار خیال کو عملی جامہ پہنایا۔"

**سیراٹوگا اسپرنگز کے میئر Ron Kim نے کہا،** "بچوں کا عجائب گھر کئی سالوں سے ہمارے شہر کے ڈاؤن ٹاؤن کی بڑی کششوں میں سے ایک رہا ہے، جس سے رہائشی اور مہمان برابر سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ اب خوبصورت

اسٹیٹ پارک میں وسعت دیے جانے کے ساتھ، بچوں کا عجائب گھر اور بھی زیادہ مہمانوں کو خوش آمدید کہہ کر ایک پرلطف اور تفریحی ماحول میں ایک نئی نسل کی تربیت کر سکتا ہے۔

تجدیدی کلاسیکی جمالیاتی فن کے انداز کا لنکن باتھ ہاؤس، تکمیل شدہ 1930، پارک میں موجود منفرد تعمیرات کا ایک کلیدی حصہ ہے اور تاریخی مقامات کے قومی رجسٹر میں اس کا اندراج ہے۔ اسٹیٹ کے زیر اہتمام چلائے جانے والے اس ادارے میں 1990 کی دہائی میں عوامی غسل کی سہولت پیش کیا جانا ختم کر دیا گیا۔ اگرچہ اس عمارت کے 60,000 مربع فٹ میں سے کافی حصہ ریاستی عدالتوں اور مقامی پارک پولیس کے لیے ایک ہیڈکوارٹر میں تبدیل کر دیا گیا تھا، اس عمارت کا بہت سا حصہ نئے طریقے سے استعمال میں لائے جانے کا منتظر رہا ہے۔ بچوں کے عجائب گھر کا افتتاح سال بھر جاری رہنے والے عوامی پروگراموں کی بحالی ہے۔ اس وقت لنکن باتھ ہاؤس میں اتوار کو سپا سٹی کی کسانوں کی منڈی بھی لگتی ہے۔ تعمیرات کے اگلے مراحل میں عمارت کے سامنے کے رخ کی مکمل بحالی اور پارک کی انتظامیہ اور مہمانوں کے لیے خدمات کے لیے نئے دفتر کی جگہ بنائے جانا شامل ہوں گے۔

پارک برائے فنون کی سرکاری اور عوامی مہم سیراٹوگا سپا اسٹیٹ پارک 2400 ایکڑ کی قدرتی ماحول میں قائم شدہ،قومی تاریخی مقامات کی عمارات کے حسب منشاء اختیار کردہ استعمال کے ذریعے کثیر جہتی فنون پیش کرنے، پروگرام کرنے اور سیکھنے کی اکلوتی عالمی منزل کے طور پر دیکھتی ہے۔ ثقافتی اور تعلیمی اداروں، تفریحی کاروباروں اور نجی کاروباروں کے ساتھ معاہدوں کے ذریعے نیو یارک اسٹیٹ اپنے فلیگ شپ پارکس میں سے ایک میں ایک اپنی مثال آپ فنی اور ثقافتی سیاحتی مقام تخلیق کر رہی ہے۔

اس وقت سیراٹوگا سپا اسٹیٹ پارک ہر سال اندازاً تیس لاکھ سیاحوں کا استقبال کرتا ہے۔ ملک بھر میں مشہور سیراٹوگا پرفارمنگ آرٹس سنٹر، SPAC اسکول آف آرٹس، دی نیشنل میوزیم آف ڈانس، دی سیراٹوگا آٹوموبیل میوزیم، گیڈون پُٹنم ریزورٹ اینڈ روزویلیٹ باتھ اینڈ سپا اور دی سپا سٹی فارمرز مارکیٹ کے علاوہ، سیراٹوگا سپا اسٹیٹ پارک متعدد تفریحی اور ثقافتی لوازمات پیش کرتا ہے بشمول گولف کے میدان، کلے ٹینس کورٹس، قدرتی عوامل کے حوالے سے تعلیم کا مرکز، دی سپا لٹل تھیٹر، کیفے اور ریستوراں؛ اور چلنے، دوڑنے اور بائکنگ کے لیے میلوں طویل پگڈنڈیاں، جو سب کے سب قدرتی مناظر میں گھرے ہیں جن میں قومی تاریخی طرز تعمیر والے مقامات اور 2400 ایکڑ پر محیط مختلف قسم کی قدرتی حیات کی رہائش والے مقامات شامل ہیں۔

،دی نیو یارک اسٹیٹ آفس آف پارکس، ریکریئیشن اینڈ ہسٹورک پریزرویشن 250 سے زائد پارکس، تاریخی مقامات تفریحی پگڈنڈیوں، گولف کے میدانوں، کشتی رانی کے مقامات اور دیگر کی نگرانی کررتا ہے، جہاں ہر سال 78 ملن لوگ آتے ہیں۔ان تفریحی علاقوں میں سے کسی کے متعلق مزید معلومات کے لیے https://www.parks.ny.gov ملاحظہ کریں، مفت NY State Park Explorer موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں یا 518.474.0456 پر کال کریں۔ اس کے ساتھ ساتھ Instagram ، Facebook اور Twitter پر کنیکٹ کریں۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418